# مرکز اھل السنت والجماعت

# ایک تعارف

زیر سرپرستی

متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن مدظلہم

چک نمبر 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا

Fone: +92-483881487

Email: markazhanfi@gmail.com

ilyasghumman@gmail.com

# قیام

نظر میں عہد رفتہ ہے اب بھی حال کی طرح

سلف کا شیوہ سامنے ہے مثال کی طرح

شجر سلف سے پیوستہ، علمائے اہل السنۃ کی تابندہ روایات کا پاسدار، باطل اور اہل باطل کی راہ کا کوہ گراں، مرکز اہل حق، علماء و اصفیاء کا مسکن یہ ادارہ شور و شغب اور شہری زندگی کے ہنگاموں سے دور سرگودھا کے ایک گاؤں چک نمبر 87 جنوبی میں قائم ہے۔ یہ گاؤں سرگودھا شہر سے قریباً آٹھ کلومیٹر کے فاصلے پر مین سرگودھا۔لاہور روڈ پر واقع ہے۔

چہار اطراف سے گھنے باغات کے فطری ماحول میں گھرا ہوا مرکز اہل السنۃ والجماعۃ دین فطرت کی سچی، حقیقی اور خالص تشریحات و تعبیرات کا امین ہے۔

مرکز کی مبارک تاسیس شوال المکرم ۱۴۲۳ھ مطابق دسمبر 2002ء میں متکلم اسلام مناظر اہل السنۃ سفیر احناف حضرت مولانا محمد الیاس گھمن دامت برکاتہم کے ہاتھوں عمل میں آئی۔

مرکز اہل السنۃ بحمد اللہ تعالیٰ درس و تدریس، تعلیم و تعلم، دعوت و تبلیغ اور اصلاح و ارشاد کے شعبوں میں گراں قدر خدمات سر انجام دے رہا ہے۔ خصوصاً فکری تربیت، اصلاح عقائد اور رد فرق باطلہ کے ضمن میں مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کی مساعی پر تجدیدی رنگ نمایاں ہے۔ آئندہ صفحات میں مرکز کی علمی، اصلاحی اور دعوتی خدمات اور شعبہ جات کا اجمالی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشآء

☆☆☆☆

# نصب العین

مستند اور مخلص علماء، مبلغین، خطباء، محققین، مدرسین اور قراء کرام تیار کرنا۔

حاملین علوم نبوت میں نظریاتی روح بیدار کرنا اور اعمال صالحہ اور اخلاق حمیدہ سے مزین کرنا۔

تمام شعبہ ہائے زندگی میں حضور اکرم ﷺ کی سنتوں کو زندہ کرنا۔

امت مسلمہ سے فرقہ واریت کو ختم کرنا اور اس کو متحد رکھنے کے لیے اکابر امت پر اعتماد کی فضا قائم کرنا۔

اہل السنۃ والجماعۃ کے عقائد و مسائل کی ترویج واشاعت کرنا۔

احقاقِ حق، ابطالِ باطل اور حفاظت دین کا فریضہ سرانجام دینا۔

☆☆☆☆

# شعبہ جات

## 1: اہتمام

اہتمام کا شعبہ بنیادی طور پر مرکز کے تمام شعبہ جات کا محور ہے۔ تمام شعبہ جات کا نظم ونسق، جانچ پڑتال اور نگرانی اسی سے متعلق ہے۔ مجلس عاملہ کی تجاویز اور فیصلے شعبہ اہتمام کے ذریعے ہی نافذ کیے جاتے ہیں۔ اہتمام کا یہ شعبہ مرکز اہل السنۃ کے تمام امور کے سلسلہ میں براہ راست مجلس شوریٰ کو جواب دہ ہے۔

☆☆☆☆

## 2: تعلیمات

اہتمام کے بعد یہ شعبہ بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ شعبہ چند ذیلی شعبہ جات پر منقسم ہے جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

### تخصص فی التحقیق والدعوۃ

کوئی انہیں رائیگاں نہ سمجھے انہی سے رونق ہے گلستان کی

یہ غنچہ ہائے بدن دریدہ یہ چاک داماں سے لوگ ساقی

مدارس دینیہ سے فارغ التحصیل علماء کرام میں تحقیقی ذوق بیدار کرنے اور ان کی دعوتی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کی خاطر مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں اپنی طرز کا منفرد تخصص بحمد اللہ تعالیٰ بڑی کامیابی سے گذشتہ چار سال سے جاری ہے۔ علماء کرام کو یک سالہ دورانیہ کے اس تخصص میں اسماء الرجال، اصول تفسیر، اصول حدیث، اصول فقہ، اصول مناظرہ، اصول تحقیق اور دیگر علوم وفنون کی تہہ تک غوطہ زنی کے قابل بنایا جاتا ہے۔

میدان عمل کے فرسان، بحر تحقیق کے شناور، اخلاق نبوت سے متصف، صحابہ رضی اللہ عنہم کے روحانی فرزند اور فقہاء وسلف صالحین کی تابندہ تاریخ کے نقوش کی جھلک پیش کرتے اساتذہ اور طلبہ بفضل اللہ تعالیٰ احقاق حق اور ابطال باطل کے فریضہ کی بجا آوری میں شبانہ روز مصروف ہیں۔ مرکز اہل السنۃ کے ارباب بست وکشاد نے **التخصص فی التحقیق والدعوۃ** کو جس نہج پر گامزن رکھا ہوا ہے اس کی مثال ڈھونڈے نہ ملے گی۔

ایں سعادت بزور بازو نیست

تانہ بخشد خدائے بخشندہ

التخصص فی التحقیق والدعوۃ کا آغاز ۱۴۲۷ھ میں ہوا اور اس سال پندرہ (۱۵) فارغ التحصیل علماء کو داخلہ دیا گیا۔ ۱۴۲۸ھ میں تخصص کے طلبہ کی تعداد بیس (۲۰) تک جا پہنچی۔ ۱۴۲۹ھ میں اکتالیس (۴۱) علماء کرام التخصص فی التحقیق والدعوۃ کی کلاس میں شریک ہوئے اور امسال ۱۴۳۰ھ میں الحمدللہ اکسٹھ (۶۱) فارغ التحصیل علماء کرام **التخصص فی التحقیق والدعوۃ** میں شریک ہیں۔ علماء کرام کی اتنی بڑی تعداد کی تخصص میں شرکت جہاں مرکز اھل السنۃ والجماعۃ کی عند اللہ مقبولیت پر دلالت کرتی ہے وہیں مرکز کی عند الصلحاء واھل اللہ محبوبیت اور متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن دامت برکاتہم کی شبانہ روز انتھک محنت کا پتہ بھی دیتی ہے۔

## سالانہ دورہ تفسیر القرآن الکریم

یہ راز کسی کو نہیں معلوم کہ مومن

قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

اللہ تبارک وتعالیٰ نے جناب نبی اکرم ﷺ کو سب انبیاء علیہم السلام کے آخر میں بھیجا اور ختم نبوت کا تاج آپ ﷺ کے سر پر رکھا۔ آقا علیہ الصلوۃ والسلام کو آخری کتاب قرآن مجید عطا کی گئی اور قیامت تک آنے والے انسانوں کے لیے اس مقدس کتاب کو دستور العمل اور نظام حیات قرار دیا گیا۔ جناب نبی کریم ﷺ نے اپنے اقوال وافعال سے قرآن کریم کی تشریح وتفسیر کا فریضہ سرانجام دیا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس مبارک امانت کو آقا علیہ السلام سے لیا اور پوری دیانت اور ذمہ داری کے ساتھ آگے منتقل کر دیا۔ یہ سلسلۃ الذہب بحمد اللہ آج تک قائم ہے اور تا قیامت پوری مضبوطی سے قائم رہے گا۔ جناب نبی کریم ﷺ کے سچے اور حقیقی ورثاء علمائے اہل السنۃ والجماعۃ ہی قرآن کریم کی درست تشریحات وتعبیرات کے امین ہیں۔ قرآن کریم کی وہی تفسیر معتبر ہوگی جو جناب نبی کریم ﷺ، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین سے مروی ہوگی۔

بحمد اللہ تعالیٰ مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر اہتمام مدارس دینیہ کی سالانہ چھٹیوں میں چالیس روزہ دورہ تفسیر القرآن العظیم پڑھایا جاتا ہے۔ ربط آیات وسور، شان نزول، مشکلات القرآن، صرفی، نحوی اور لغوی مباحث، رد فرق باطلہ، اصول مناظرہ اور اصول دعوت دورہ تفسیر کے چند اہم مباحث ہیں۔ دورہ تفسیر میں علماء اور مدارس دینیہ کے طلبہ کو داخلہ دیا جاتا ہے۔ سکولز اور کالجز کے اساتذہ کرام بھی شرکت کے اہل ہیں جبکہ عوام الناس بطور سامع دورہ تفسیر میں شریک ہوسکتے ہیں۔

دورہ تفسیر کے روح رواں تلمیذ خاص حضرت اوکاڑوی رحمہ اللہ، استاذ الحدیث والتفسیر حضرۃ مولانا منیر احمد منور دامت برکاتہم ہیں، علاوہ ازیں ملک بھر سے نامور علماء بھی وقتاً فوقتاً تشریف لاتے اور طلبہ کو نور علم سے منور فرماتے ہیں۔ دورہ تفسیر کے اختتام پر شرکاء کا باقاعدہ امتحان لیا جاتا ہے اور مرکز کی طرف سے سند جاری کی جاتی ہے۔ اختتامی تقریب میں اکابر علماء کرام تشریف لاتے ہیں اور طلبہ کی دستار بندی کرتے ہیں۔

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں منعقد شدہ دورہ ہائے تفسیر کے شرکاء کی تعداد حسب ذیل ہے:

| شرکاء | سال |
|---|---|
| 105 | 1424ھ |
| 135 | 1425ھ |
| 106 | 1426ھ |
| 097 | 1427ھ |
| 120 | 1428ھ |
| 108 | 1429ھ |
| 105 | 1430ھ |

میری مشاطگی کی کیا ضرورت حسن معانی کو

کہ فطرت خود بخود کرتی ہے لالہ کی حنابندی

# سالانہ صراط مستقیم کورس

لگا رہا ہوں مضامین نو کے پھر انبار

خبر کرو میرے خرمن کے خوشہ چینوں کو

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر انتظام عصری تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم طلبہ کی دینی اور فکری تعلیم و تربیت کے لیے موسم گرما کی تعطیلات میں چالیس روزہ صراط مستقیم کورس کی ترتیب بنائی گئی ہے۔ طلبہ چالیس یوم تک شب و روز مسلسل مدرسہ کے بابرکت ماحول میں رہتے ہیں اور فرمان نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

من اخلص للہ اربعین یوما ظہرت ینابیع الحکمۃ من قلبہ علی لسانہ

(جس شخص نے اللہ تبارک و تعالیٰ کے لیے چالیس دن وقف کیے،

حکمت کے چشمے اس کے دل سے زبان کے رستے جاری ہو جاتے ہیں)

کا مصداق بنتے ہیں۔

دوران کورس طلبہ کو وہ مسائل سکھلائے جاتے ہیں جو روزمرہ کی زندگی میں پیش آتے ہیں۔ عقائد و نظریات کی درستگی پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے اور قرآن کریم کی صحیح تلفظ کے ساتھ ادائیگی کے سکھلانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ صراط مستقیم کورس میں سکولز اور کالجز کے طلبہ کے علاوہ عصری تعلیمی اداروں کے اساتذہ اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شرکت کرتے ہیں۔

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر اہتمام پہلا سالانہ صراط مستقیم کورس 2003ء میں منعقد کیا گیا جس میں تینتیس (33) افراد نے شرکت کی۔ 2004ء میں سرسٹھ (67)، 2005ء میں بانوے (92)، 2006ء میں اکہتر (71) اور 2007ء میں ستاسی (87) افراد کورس میں شریک ہوئے۔ 2008ء میں صراط مستقیم کورس کا دائرہ کار وسیع کیا گیا اور مرکز کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر انتظام یہ کورسز منعقد کیے گئے۔ سال 2008ء میں مختلف شہروں اور قصبات میں ہونے والے ان کورسز میں چھ سو (600) سے

زائد افراد نے شرکت کی۔ 2009ء میں صراط مستقیم کورس کو مزید وسعت دی گئی اور ایک منظم طریقہ کار کے تحت ملک بھر میں مدارس کے علاوہ سکولز اور کالجز میں بھی کورس کا انعقاد کیا گیا۔

صراط مستقیم کورس کی وسعت اور اس کی عوام الناس میں مقبولیت کا اندازہ اس سے لگایا جا سکتا ہے کہ صرف ضلع فیصل آباد میں 2009 میں دو سو تیس 230 سے زیادہ مقامات پر صراط مستقیم کورس کا انعقاد ہوا۔ اور صرف فیصل آباد پر ہی موقوف نہیں الحمد للہ کراچی تا پشاور اور کوئٹہ تا مانسہرہ مرکز اھل السنۃ والجماعۃ کی زیر نگرانی اور مقامی علماء کی مشاورت اور تعاون سے صراط مستقیم کورسز منعقد کیے گئے۔ الحمد للہ ان کورسز میں کثیر تعداد میں سکولز اور کالجز کے طلباء کے علاوہ زندگی کے دیگر شعبہ جات سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے شرکت کی۔

فللہ الحمد

## ماہانہ تین روزہ دورہ تحقیق المسائل

مجھ کو ماحول کی ظلمت سے سروکار نہیں

کیا ستارے میرے احساس کے بیدار نہیں

عصر حاضر میں گمراہ ادارے اور بے دین فرقے باطل نظریات پھیلا کر نوجوان امت کے اذہان کو پراگندہ اور دین سے دور کرنے کی کوششوں میں مسلسل مصروف ہیں۔ دین متین کی بنیادوں پر ضربیں لگانے کے لیے متفرق ذرائع و وسائل اور کئی طرح کی دھوکہ دہیوں کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ مذہب کا نام استعمال کر کے مذہب سے متنفر کرنے کی ناپاک سازشوں کے سدباب کے لیے مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر اہتمام تین روزہ دورہ **تحقیق المسائل** کا آغاز کیا گیا ہے۔

ہر انگریزی مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز مغرب سے تین روزہ دورہ کا آغاز ہوتا ہے اور اتوار کو قبل از ظہر اختتامی دعا کے ساتھ ہی دورہ تحقیق المسائل اختتام پذیر ہو جاتا ہے۔ اہل السنۃ والجماعۃ کے متفقہ عقائد و نظریات اور مسائل سے آگاہی تین روزہ دورہ تحقیق المسائل کا طرہ امتیاز ہے۔

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے زیر اہتمام پہلا دورہ تحقیق المسائل دسمبر 2008ء میں منعقد ہوا اور بحمد اللہ تا حال یہ سلسلہ بڑی کامیابی کے ساتھ جاری و ساری ہے۔

## تجوید و قراءت و تحفیظ القرآن الکریم

اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن کریم کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے اور دار الاسباب میں اس کا انتظام یوں کیا کہ اوراق کے ساتھ ساتھ اس کتاب مقدس کو سینوں میں بھی محفوظ کر دیا ہے۔ تمام آسمانی کتابوں میں یہ اعزاز صرف قرآن کریم ہی کو حاصل ہے کہ ہر دور میں ہر علاقے، ہر خطے، ہر عمر اور ہر رنگ و نسل کے مسلمانوں کے قلوب میں یہ بابرکت کلام محفوظ رہا ہے۔ مدارس میں تحفیظ القرآن الکریم کا شعبہ اسی روشن اور سنہری سلسلے کی کڑی ہے۔

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے شعبہ تحفیظ القرآن الکریم میں طلبہ کی تعداد پینتالیس سے زائد ہے۔ ایک مشاق، مجود قاری صاحب شب و روز طلبہ کے سینوں کو نور قرآنی سے منور کرنے میں مصروف ہیں۔ منزل کی پختگی، مخارج کی صحت، ادائیگی کی درستگی اور لہجہ کی عربیت کا خصوصی لحاظ رکھا جاتا ہے۔ طلبہ کی اخلاقی تربیت پر بھی خاص توجہ دی جاتی ہے، اصلاحی بیانات اور محافل ذکر میں طلبہ پابندی سے شریک ہوتے ہیں۔ بحمد اللہ تعالیٰ مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے طلبہ مثالی اخلاق و کردار کا نمونہ ہیں۔

## اصلاح النساء

مرکز کے شعبہ اصلاح النساء کے تحت خواتین کی دینی و اخلاقی تربیت کا ادارہ قائم ہے۔ خواتین کی علمی و عملی تربیت کے ساتھ ساتھ گھریلو امور کی انجام دہی کا سلیقہ بھی سکھلایا جاتا ہے۔

☆☆☆☆

## شعبہ کمپیوٹر

آج کے تیز رو دور میں کمپیوٹر کا وجود انسانی زندگی کا ایک جزو بن کر رہ گیا ہے۔ یہ میڈیائی جنگ میں اہل حق کا مضبوط ہتھیار ہے۔
اسی وجہ سے علماء کرام کو عصر حاضر کے اس اہم تقاضے سے ہمکنار کرنے کے لیے اس کی تعلیم پر باضابطہ طور پر زور دیا جاتا ہے۔ یہ شعبہ تین ذیلی شعبوں پر تقسیم کیا گیا ہے۔

## 1:ٹریننگ

علماء کو کمپیوٹر سے متعلقہ امور کی تربیت کے لیے یہ شعبہ قائم کیا گیا ہے۔ فی الحال یہ شعبہ وسائل کی کمی کی وجہ سے صحیح معنوں میں فعال نہیں ہو سکا۔ تاہم دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے کافی حد تک اس پر کام جاری ہے۔ تخصص کے علماء کی تعداد بحمد اللہ ساٹھ 60 سے زائد ہے اور ان کے لیے کافی بڑی کمپیوٹر لیب کی ضرورت ہے۔

## 2:کمپوزنگ

کتابوں کی کمپوزنگ، ڈیزائننگ اور دیگر متعلقہ امور اس شعبہ کے تحت آتے ہیں۔

## WEBSITES AND ONLINE ACTIVITIES .3

علماء حق کے پیغام کو پوری دنیا میں پھیلانے اور جدید وسائل کو استعمال کرتے ہوئے عوام کے عقائد کے تحفظ کی خاطر مرکز اہل السنۃ والجماعۃ نے اپنی کئی ویب سائٹس لانچ کی ہیں۔ ان ویب سائٹس پر دروس قرآن و حدیث، علماء کے اصلاحی و علمی بیانات، کتب رسائل دستیاب ہیں۔

مرکز کی ویب سائٹس کے ایڈریس درج ذیل ہیں۔

www.alittehaad.org

www.ahnafmedia.com

www.islahunnisa.com

www.alittehaad.blip.tv

www.archive.org/details/alittehaad

www.youtube.com/user/alittehaad

www.alittehaad.blogspot.com

www.twitter.com/alittehaad

ویب سائٹ پر ہر ہفتہ مختلف موضوعات پر براہ راست بیان بھی ہوتا ہے جس میں ملک کے نامور علماء، محققین اوراسکالرز تشریف لاتے ہیں۔ بعد ازاں سوال وجواب کی نشست بھی ہوتی ہے۔ بذریعہ ای میل سوالات کے جوابات کا سلسلہ بھی بحمد اللہ موجود ہے اور کثیر تعداد میں لوگ اپنی الجھنیں دور کرتے ہیں۔

مرکز کا ای میل ایڈریس درج ذیل ہے:

markazhanfi@gmail.com

☆☆☆☆

## 4: مکتبہ اہل السنۃ والجماعۃ

عصر حاضر میں دین متین کی دعوت واشاعت کے سلسلہ میں جدید ذرائع ووسائل کا استعمال بڑی اہمیت کا حامل ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں مکتبہ کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ مکتبہ اہل السنۃ نے چار برس کے قلیل عرصہ میں مختلف موضوعات پر ساٹھ (60) سے زائد چھوٹی بڑی کتب شائع کی ہیں اور یہ سلسلہ بڑی کامیابی سے جاری وساری ہے۔ علاوہ ازیں سو سے زائد آڈیو، ویڈیو سی ڈیز اور سو کے قریب آڈیو کیسٹس دستیاب ہیں۔ مکتبہ اہل السنۃ گاہے بگاہے مختلف عنوانات کے تحت خوبصورت چارٹس اور کیلنڈر شائع کرتا رہتا ہے۔ پاکٹ سائز کیلنڈر، دعوتی واصلاحی پمفلٹ اور دیگر اشاعتی مواد کی طباعت واشاعت کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اشیائے مذکورہ کی بذریعہ ڈاک اور بذریعہ کورئیر سروس ترسیل کا نظم بھی موجود ہے۔

☆☆☆☆

## 5:الاختر فری ڈسپینسری

مرکز اور اہل علاقہ کی طبی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے الاختر فری ڈسپینسری قائم ہے۔ غریب اور نادار لوگوں کے لیے مفت علاج معالجہ اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆

## 6:لائبریری

کتاب اور علم کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ کتابیں وہ چشمہ ہائے آب حیات ہیں جو تشنگان علم و فن کی سیرابی اور قلب و نظر کی بے آب و گیاہ وادیوں کی شادابی کی ضامن ہیں۔ مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں بحمد اللہ تعالیٰ ایک عظیم الشان ذخیرہ کتب موجود ہے جس سے طلبہ اپنی علمی پیاس بجھاتے ہیں۔ مرکز کی لائبریری میں تفسیر، اصول تفسیر، علوم القرآن، حدیث، اصول حدیث، فقہ، اصول فقہ، قواعد فقہیہ، تجوید و قراءت، صرف، نحو، لغت، تاریخ، سیرت، مغازی، اسماء الرجال، مناظرہ و اصول مناظرہ، منطق، فلسفہ، فتاوی، رد فرق باطلہ، تقابل ادیان، مطالعہ مذاہب غرضیکہ ہر موضوع اور ہر فن پر کتب کا ایک وسیع ذخیرہ جمع کیا گیا ہے۔

ہر فن کی بنیادی اور اہم کتب اکٹھی کی گئی ہیں اور یہ سلسلہ بلا انقطاع جاری ہے لیکن اب بھی بہت سی کتب کی کمی ہے۔ مرکز کی لائبریری سے نہ صرف مرکز کے اساتذہ و طلبہ بلکہ ملک بھر سے آنے والے اہل ذوق حضرات بھی استفادہ کرتے ہیں۔ مرکز اھل السنۃ کی لائبریری باوجود کشادگی کے تنگی کا شکوہ کرتی دکھائی دیتی ہے اور کسی صاحب دل کی منتظر ہے ۔

☆☆☆☆

## 7:مطبخ

مرکز اہل السنۃ کے قیام کے روز سے آج تک یہ شعبہ علماء کرام کی خدمت میں مصروف ہے۔ وسائل کی تنگی کے باوجود کھانے کا معیار عمدہ رکھنے کی بھرپور کوشش کی جاتی ہے۔ مطبخ میں یومیہ سو سے زیادہ افراد کا کھانا پکتا ہے۔

☆☆☆☆

## 8:دار الاقامہ

اس شعبے کے فرائض میں طلباء کے قیام کی ترتیب ان کا رہن سہن اور دیگر متعلقہ امور کا انتظام شامل ہے۔ مرکز کی طرف سے کوشش کی جاتی ہے کہ حتی الوسع مہمانان رسول ﷺ کو کسی قسم کی تکلیف نہ ہو۔

☆☆☆☆

## 9: نشر واشاعت

اس شعبہ کے زیر انتظام مجلات ورسائل، مکتبہ کی مطبوعات، سی ڈیز، کیسٹس اور مسائل واحکام پر مشتمل پمفلٹ اور ہینڈ بل وغیرہ کی تیاری اور اشاعت کی جاتی ہے۔ شعبہ نشر واشاعت کے زیر اہتمام دو مجلات باقاعدگی سے شائع ہو رہے ہیں جن کا اجمالی خاکہ درج ذیل ہے:

### سہ ماہی قافلہ حق

صحافتی کوششوں میں گامزن، اسلامی تعلیمات، فقہ وفقہاء کی عظمت اور اکابر کے مسلک ومشرب کا علمبردار سہ ماہی قافلہ حق بحمد اللہ گذشتہ چار سال سے بلا انقطاع جاری وساری ہے۔ قافلہ حق کی موجودہ انتظامیہ معیار طباعت کو بلند کرنے اور اسے جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے انتھک محنت میں مصروف عمل ہے۔

### ماہنامہ بنات اہل السنۃ

خواتین کی اصلاح اور فکری نشوونما کے لیے ماہنامہ بنات اہل السنۃ کا اجراء عمل میں لایا گیا ہے جس میں خواتین سے متعلق مسائل، احکام، روایات وحکایات، دیگر معاشرتی اور گھریلو ضروریات، اور تربیت اولاد وغیرہ جیسے عنوانات کو موضوع سخن بنایا گیا ہے۔ پیچیدہ اور صعب مسائل سے مبرا، فحش اور لغو تحاریر سے پاک ماہنامہ بنات اہل السنۃ خواتین اسلام کا من پسند شمارہ ہے۔

☆☆☆

## 10: خانقاہ اشرفیہ اختریہ

یہ حکمت ملکوتی، یہ علم لاہوتی

حرم کے درد کا درماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

یہ ذکر نیم شبی یہ مراقبے یہ سرور

تری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

برائیوں سے بچنے اور جادہ حق پر گامزن رہنے کا سب سے سادہ اور آسان ترین طریقہ اہل اللہ کی صحبت اختیار کرنا ہے۔ ان اہل دل حضرات کی صحبت سے قلوب کا زنگ اترتا ہے اور نیکی کا کام بجالانا آسان ہوتا ہے۔ مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں قائم خانقاہ اشرفیہ اختریہ ان اکابر کا فیضان ہے جن کے علم اور تقویٰ کے نور کی تابناکیوں کا کوئی خیرہ چشم ہی انکار کر سکتا ہے۔

متکلم اسلام سفیر احناف پیر طریقت حضرت مولانا محمد الیاس گھمن دام ظلہم کو سلاسل اربعہ میں عارف باللہ حضرت اقدس مولانا شاہ حکیم محمد اختر دامت برکاتہم العالیہ اور قطب العصر مرشد العلماء حضرت اقدس مولانا سید محمد امین شاہ رحمہ اللہ تعالی سے خلافت اور اجازت بیعت حاصل ہے۔

خانقاہ اشرفیہ اختریہ میں ہر انگریزی مہینے کی پہلی جمعرات کو بعد نماز مغرب اصلاحی بیان اور مجلس ذکر ہوتی ہے جس میں حضرت مولانا محمد الیاس گھمن دامت فیوضہم کے مریدین اور متعلقین کی ایک کثیر تعداد شرکت کرتی ہے۔

☆☆☆☆

## 11: دعوت وارشاد

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کے شعبہ دعوت وارشاد کے زیر اہتمام علماء کرام نہ صرف قریبی علاقوں بلکہ ملک کے مختلف حصوں میں اصلاحی، دعوتی اور تبلیغی اجتماعات، جلسوں اور انفرادی واجتماعی نشستوں سے خطاب کرتے ہیں۔ عوام الناس کے اخلاق کی اصلاح اور ان

کے ایمان وعقائد کے تحفظ کی خاطر مرکز کے شعبہ دعوت وارشاد کے زیر اہتمام بیانات اور دروس کے علاوہ دعوتی پمفلٹس اور دیگر اصلاحی مواد کی طباعت کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر ہفتہ آن لائن بیان اور بذریعہ خط وکتابت اور ای میل سوالات کے جوابات بھی دیے جاتے ہیں۔

☆☆☆☆

## 12: برقیات

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کی درس گاہوں، مسجد، مہمان خانہ، دارالاقامہ، اساتذہ کی رہائش گاہوں، مطبخ اور دیگر تمام ضروریات کے مقام پر بجلی کی فراہمی جنریٹر کی سہولت، آب رسانی اور اس سے متعلقہ تمام انتظامات کرنا اسی شعبہ کی ذمہ داری ہے۔

☆☆☆☆

## 13: تعمیرات

نئی عمارات کی تعمیر اور موجودہ عمارت کی اصلاح ومرمت، رنگ وروغن اور تزئینی امور اس شعبہ سے متعلق ہیں۔

☆☆☆☆

## 14: مہمان خانہ

مرکز اہل السنۃ والجماعۃ کی بڑھتی ہوئی خدمات اور علماء حق کے ہاں مقبولیت عامہ کی بنا پر مرکز اہل السنۃ والجماعۃ میں مہمانوں کی کثیر تعداد میں آمد جاری رہتی ہے۔ ان معزز مہمانوں کی اکثریت علماء کرام اور مذہبی حلقے سے تعلق رکھتی ہے۔ مہمانوں کی ضیافت، مدارت اور قیام وطعام اس شعبہ کی مرہون منت ہے جو تاحال ایک کمرہ پر مشتمل ہے۔

☆☆☆☆

# عملہ

| | |
|---|---|
| اساتذہ کرام | 8 |
| شعبہ کمپیوٹر، گرافک ورک، ڈیزائننگ، کمپوزنگ وانٹرنیٹ | 5 |
| ناظم مرکز | 1 |
| ناظم مکتبہ | 1 |
| لائبریرین | 1 |
| خادم | 1 |
| باورچی | 1 |
| ترسیل کار مجلات ومطبوعات | 2 |
| کل عملہ | 20 |

☆☆☆☆

## اوسط ماہانہ اخراجات

| | | |
|---|---|---|
| تنخواہ کل عملہ | | 1,50,000 |
| آٹا | 60 من | 60,000 |
| چاول | 2 من | 4500 |
| گھی | 100 کلو | 17,000 |
| چینی | 150 کلو | 12000 |
| سبزی پیاز آلو | 400 کلو | 16,000 |
| دالیں | 150 کلو | 15,000 |
| لکڑی | 90 من | 18,000 |
| مسالہ جات | 20 کلو | 6000 |
| بل بجلی | | 15,000 |
| بل فون | | 5,000 |
| نئی کتب | | 50,000 |
| کل ماہانہ اخراجات | | 3,68,500 |

تین لاکھ اڑسٹھ ہزار پانچ سو روپے تقریباً

کل سالانہ خرچ 44,22,000

چوالیس لاکھ بائیس ہزار روپے تقریبا

سالانہ دورہ تفسیر القرآن الکریم 1,75,000

1,50,000 سالانہ صراط مستقیم کورس

47,47,000تقریباً میزان

سینتالیس لاکھ سینتالیس ہزار روپے تقریباً

## منصوبہ جات

| تخمینہ لاگت | نام منصوبہ |
| --- | --- |

دورہ حدیث شریف کا اجراء (عمارت و دیگر لوازمات) 12,75,000 روپے

7,50,000روپے دارالاقامہ کے نئے کمروں کی تعمیر

14,50,000روپے اساتذہ کرام کی رہائش گاہوں کی تعمیر

8,80,000روپے نئی لائبریری کا قیام

3,75,000روپے کمپیوٹر اور لینگوئج لیب کا قیام

2,25,000روپے ہفت روزہ اخبار کا اجراء

روپے 18,00,000 پریس کا قیام

روپے 1,75,000 نئے مطعم کی تعمیر

تخصص برائے طالبات (عمارت، اور دیگر لوازمات) 17,00,000 روپے

12,00,000روپے خواتین کے لیے ووکیشنل سینٹر

15,00,000روپے ویلفیئر ٹرسٹ کا قیام

| | |
|---|---|
| 1,13,30,000روپے | میزان |

☆☆☆☆

## طریقہ تعاون

### بینک اکاؤنٹ

Title Name: Muhammed Ilyas

Account Number: 0901-03600000900

Meezan Bank, College Raod Sargodha

### منی آرڈر

مولانا محمد علی، ناظم مرکز اہلسنت والجماعت، چک نمبر 87 جنوبی لاہور روڈ سرگودھا۔

بیرون ملک سے رقوم بذریعہ ویسٹرن یونین یا منی گرام بھجوائی جاسکتی ہیں، مزید تفصیلات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریسز پر ای میل کریں

markazhanfi@gmail.com

ilyashumman@gmail.com